© rasailojaraid.com



# قومی وملی یکجہتی کانفرنس کا جاری کردہ متفقہ اعلامیہ

وطن عزیز پاکستان اس وقت اندرونی اور بیرونی خطرات میں گھرا ہوا ہے امریکی نیو ورلڈ آرڈر کے تحت اسلام دشمن قوتیں ملت اسلامیہ کے اتحاد کو پارہ پارہ کر رہی ہیں۔ اور فرقہ واریت کو ہوا دے رہی ہیں حکمرانوں کی مجرمانہ غفلتوں کی وجہ سے پورے ملک میں عموماً اور کراچی میں بالخصوص دہشت گردی اور قتل وغارتگری کا بازار گرم ہے، یہاں تک کہ عبادت گاہیں قتل گاہیں بن گئی ہیں۔ ان حالات میں ملک بھر کی دینی جماعتوں کا نمائندہ سربراہی اجلاس ان خطرات کا متحد ہو کر مقابلہ کرنے کے لیے درج ذیل فیصلوں کا متفقہ اعلان کرتا ہے۔

۱۔ پاکستان کے آئین اور تمام ملکی قوانین پر قرآن و سنت کی بالادستی ہے، کتاب و سنت کی مکمل آئینی حکمرانی اور شریعت محمدیؐ، کے عملی نفاذ اور ایک مکمل اسلامی انقلاب برپا کرنے کو اپنا دینی اور ملی فریضہ سمجھتے ہیں اور اس کے حصول کے لیے مشترکہ جدوجہد کریں گے۔

۲۔ عالمی اور ملکی سطح پر اسلام اور دینی قوتوں کے خلاف بین الاقوامی سازشوں کے تحت جو مہم جاری ہے اس کا سب مل کر مقابلہ کرنے کا عہد کرتے ہیں۔

۳۔ یہ اجلاس اسلام کے بنیادی عقائد اور اقدار پر قائم رہنے کو باعث فخر سمجھتا ہے اور وزیر اعظم پاکستان کی طرف سے اسلامی بنیاد پرستی کے خلاف امریکی امداد طلب کرنے کو اسلام اور پاکستان کی حاکمیت اعلیٰ کے خلاف سمجھتا ہے اور اس غیرت اسلامی کے منافی اقدام کی بھرپور مذمت کرتا ہے۔

۴۔ ہم ملک کے اندر مذہب کے نام پر دہشت گردی اور قتل و غارتگری کو اسلام کے خلاف گردانتے ہوئے اس کی پرزور مذمت کرتے ہیں۔

۵۔ یہ اجلاس عظمت رسولؐ، عظمت اہل بیتؓ اطہار، عظمت ازواج مطہراتؓ، اور عظمت صحابہ کرامؓ کو ایمان کا جز سمجھتا ہے اور ان کی تکفیر کرنے والے کو اسلام سے خارج سمجھتا ہے اور ان کی توہین اور تنقیص کرنے کو حرام سمجھتے ہوئے قابل تعزیر جرم سمجھتا ہے۔

۶۔ یہ اجلاس کسی بھی اسلامی فرقہ کو کافر قرار دینے کو غیر اسلامی اور قابل نفرت فعل سمجھتا ہے۔

۷۔ یہ اجلاس جمعیت علماء پاکستان کی طرف سے تحفظ ناموس رسالت کے سلسلہ میں منعقدہ اجلاسوا



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



یں ہونے والے فیصلوں کی توثیق کرتے ہوئے حکومت پاکستان سے مطالبہ کرتا ہے کہ توہین رسالت کی ہمت افزائی کی پالیسی ترک کر کے تحفظ ناموس رسالتؐ کی پالیسی کا واضح اعلان کرے اور یہ اجلاس واضح کرتا ہے کہ اگر توہین رسالتؐ کے قانون میں کسی قسم کی ترمیم کرنے کی ناپاک جسارت کی گئی تو دینی جماعتیں ایسے مذموم اقدام کے خلاف بھرپور اقدام کریں گی۔

۸۔ ملک کے اندر امت مسلمہ کے درمیان اتحاد کی فضا قائم کرنے کشیدگی کو دور کرنے اور یکجہتی پیدا کرنے کے لیے دینی سربراہوں پر مشتمل ایک اسلامی یکجہتی کونسل کے قیام کا اعلان کرتا ہے اور یہی کونسل دل آزار اور توہین آمیز مواد پر مشتمل لٹریچر کا جائزہ لے کر ضروری اقدام کرے گی اور کونسل اپنے کئے گئے فیصلوں کے عملی نفاذ کی بھی ذمہ دار ہوگی۔ واضح رہے کہ فی الحال یہ کونسل گیارہ دینی جماعتوں کے سربراہوں پر مشتمل ہے جن کے نام درج ذیل ہیں۔

اس کونسل کے صدر مولانا شاہ احمد نورانی اور سیکرٹری جنرل سینیٹر مولانا سمیع الحق ہوں گے۔

| | |
|---|---|
| ۱۔ مولانا شاہ احمد نورانی صاحب | جمعیتہ علماء پاکستان "نورانی گروپ" |
| ۲۔ مولانا سمیع الحق سینیٹر صاحب | جمعیتہ علمائے اسلام "س" |
| ۳۔ قاضی حسین احمد صاحب | امیر جماعت اسلامی پاکستان |
| ۴۔ علامہ سید ساجد علی نقوی صاحب | قائد تحریک فقہ جعفریہ پاکستان |
| ۵۔ مولانا عبدالستار خان "نیازی" صاحب | جمعیتہ علمائے پاکستان "نیازی گروپ" |
| ۶۔ پروفیسر ساجد میر صاحب | جمعیتہ اہل حدیث پاکستان |
| ۷۔ مولانا اسفندیار خان صاحب | سربراہ سواد اعظم |
| ۸۔ مولانا ضیاء القاسمی صاحب | سپاہ صحابہؓ پاکستان |
| ۹۔ آغا مرتضیٰ پویا صاحب | سربراہ حزب الجہاد پاکستان |
| ۱۰۔ پروفیسر طاہر القادری صاحب | تحریک منہاج القرآن پاکستان |
| ۱۱۔ مولانا محمد اجمل خان صاحب | جمعیت علمائے اسلام (ف) |

اجلاس نے متفقہ طور پر مولانا شاہ احمد نورانی کو کونسل کا صدر اور مولانا سمیع الحق کو جنرل سیکرٹری نامزد کیا۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



# دینی جماعتوں کے ملی یکجہتی کونسل کی سپریم کونسل کا

## پہلا اجلاس اور اہم فیصلے

اسلام آباد (۲۵ مارچ) قومی و ملی یکجہتی کونسل کی تشکیل کے بعد اس کا پہلا سربراہی اجلاس گذشتہ شب کونسل کے صدر مولانا شاہ احمد نورانی کی صدارت میں منعقد ہوا سربراہی اجلاس میں اراکین کونسل یکجہتی کونسل کے سیکرٹری جنرل سینیٹر مولانا سمیع الحق جماعت اسلامی کے قاضی حسین احمد تحریک جعفریہ کے علامہ ساجد علی نقوی جمعیت اہلحدیث کے پروفیسر ساجد میر، حزب جہاد کے آغا مرتضیٰ پویا محمد عبدالحئ، نیازی گروپ کے صاحبزادہ فضل کریم سپاہ صحابہؓ کے جنرل سیکرٹری یوسف مجاہد نے شرکت کی کونسل کے نو منتخب سیکرٹری جنرل مولانا سمیع الحق نے آج اس کی تفصیلات جاری کرتے ہوئے بتلایا سربراہی اجلاس میں دو اہم کمیٹیاں تشکیل دی گئیں ایک کمیٹی فرقہ واریت کے خاتمہ اور یکجہتی پیدا کرنے والے مشترکہ شکایات پر غور و فکر کرکے۔ ایک جامع رپورٹ تیار کرے گی جس میں بائیس نکات، اسلامی نظریاتی کونسل کی سفارشات اتحاد کے لیے مولانا عبدالستار خان نیازی کی مرتب کردہ رپورٹ سینٹ کے مذہبی امور کی سٹینڈنگ کمیٹی کی تجاویز اور اجلاس کے تجاویز سامنے رکھ کر اپنی سفارشات مرتب کرے گی اس کمیٹی کے کنوینر جمعیتہ اہلحدیث کے پروفیسر ساجد میر ہوں گے۔

جب کہ اراکین میں سے جمعیتہ علماء اسلام (س) کے مولانا قاضی عبداللطیف، جماعت اسلامی کے پروفیسر خورشید احمد تحریک جعفریہ کے علامہ جواد ہادی جی۔ یو۔ پی (ن) کے مولانا شبیر احمد ”ہاشمی“، اور اتحاد العلماء کے مولانا عبدالمالک شامل ہوں گے۔

دوسری کمیٹی ان مقدمات کی چھان بین کے لیے قائم کی گئی ہے جو دونوں طرف کے لوگوں پر قائم ہے اس کمیٹی کے کنوینر جماعت اسلامی کے لیاقت بلوچ صاحب ہوں گے۔

اور اس کے ارکان سلیم بٹ ایڈوکیٹ، علامہ افتخار نقوی، سردار محمد لغاری، علی غضنفر کراروی، ندیم اقبال اعوان ایڈوکیٹ ہوں گے۔ سربراہی اجلاس میں متفقہ طے ہوا کہ غیر قانونی اسلحہ رکھنے والے گروہوں اور گروہوں کا قومی و ملی یکجہتی کونسل میں شامل جماعتوں سے قطعاً کوئی تعلق نہیں ہوگا۔ مولانا سمیع الحق نے کہا کہ سربراہی اجلاس میں ایسے لوگوں سے مطالبہ کیا گیا کہ اگر کسی کے پاس غیر قانونی اسلحہ ہے تو وہ از خود



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



غیر قانونی اسلحہ اپنے علاقے کے تھانوں میں جمع کرادیں کونسل نے واضح طور پر کہا کہ ہمارا کسی بھی مسلح اور دھشت گرد گروہ سے کوئی تعلق نہیں ہے اگر کوئی مسلح دہشت گرد دہشت گردی کررہا ہے تو سربراہان اوران کی جماعتوں سے اس کا کوئی تعلق نہیں ہوگا اجلاس میں ایسے تمام گروہوں کے غیر مسلح کرانے کے لیے مزید اقدامات پر غور کیا گیا، اجلاس میں یہ بھی فیصلہ کیا گیا کہ ملی یکجہتی کونسل کے سربراہان اور شامل جماعتوں کے ارکان متنازعہ بیانات سے گریز کریں تاکہ کونسل کی یکجہتی متاثر نہ ہو، سربراہی اجلاس میں اس بات کا بھی علان کیا گیا ہے کہ ملک میں تمام دینی مدارس غیر مسلح ہیں اور اس میں دہشت گردی کی کوئی ٹریننگ اور تربیت نہیں ی جاتی کونسل نے یہ بات بھی واضح کیا کہ دینی مدارس، مساجد، اور مراکز کسی بھی بیرونی حکومت سے امداد نہیں لیتے اس لیے حکومت سے مطالبہ کیا گیا کہ مدارس، مساجد میں مداخلت کی پالیسی فوری ترک کردے کونسل نے ساجد میں لوڈ سپیکروں وغیرہ پر پابندی کے شکل میں اور تقاریر کے پابندی پر بھی شدید مذمت کرتے ہوئے نطباء سے کہا کہ اپنے مواعظ حسنہ کو خوشگوار انداز میں جاری رکھیں اجلاس میں حکومت سے مطالبہ کیا گیا نہ جو لوگ علماء، اور کارکن، سنگین الزامات اور مقدمات میں ملوث نہیں ہیں اور بغیر کسی جرم کے نظر ند ہیں انہیں فوری طور پر رہا کرے مولانا سمیع الحق نے کہا کہ اجلاس میں ۹ اپریل کو کراچی میں منعقد کیے جانے الے دینی جماعتوں کے اجلاس کے انتظامات پر بھی غور کیا گیا اور طے پایا کے کراچی کے اجلاس میں کراچی کے ینی اور سماجی، سیاسی تنظیموں، کو بھی بطور مبصر شریک ہونے کی دعوت دی جائے تاکہ کراچی کے بحران ر قابو پانے اور امن کے قیام کے لیے ہمہ گیر مشترکہ اقدامات تجویز کیے جائیں اور گلی گلی محلے، مسجد اور م بارگاہوں کے سطح پر مشترکہ امن کمیٹیاں بھی قائم کرنے کے امکان کا بھی جائزہ لے۔

## قارئین سے گذارش

خط و کتابت کے وقت اپنا خریداری/اعزازی تبادلہ نمبر ضرور لکھیں۔ ورنہ ادارہ جواب دینے سے معذور ہوگا۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com